Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 | جمعرات، 18 اپریل 2024ء، 9 شوال المکرم 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 37

ہر تنور کے باہر قیمت میں کمی کا بینر آویزاں کرنے کا حکم

روٹی نان کی قیمت طے کرنے سے پہلے مکمل ورکنگ کی گئی، نوٹیفائیڈ قیمت پر دستیابی یقینی بنا رہے ہیں، پنجاب میں پہلی بار کسی حکومت نے روٹی کے معاملے پر بولڈ سٹیپ لیا، عظمیٰ بخاری

پنجاب میں 2 دن میں 10 ہزار سے زائد مقامات کا چیک کیا، 80 فیصد علاقوں میں سستی روٹی دستیاب ہے، خلاف ورزی کرنے والے 423 گراں فروش گرفتار کیے، وزیر خوراک پنجاب

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے شکھائی الیکٹرک گروپ کے وفد نے ملاقات کی

لاہور (عوامی للکار) عوام کو سستی روٹی کی فراہمی ہمارا مشن ہے اور اسے ہر صورت کامیاب بنائیں گے۔ ملک کی تاریخ میں پہلی بار آٹے کی قیمت میں اتنی بڑی کمی کی گئی ہے جس سے 6 مرتبہ عام آدمی تک پہنچایا کریں گے۔ دو دن میں 10 ہزار سے زائد مقامات کو چیک کیا گیا جن میں سے 20 فیصد پر خلاف ورزی پائی گئی اور فوری ایکشن لیا گیا۔ پنجاب میں 423 گراں فروش گرفتار کیے جا چکے اور 60 لاکھ (بقیہ نمبر 1)

سعودی معاون وزیر دفاع پاکستان پہنچ گئے، آرمی چیف سے ملاقات شیڈول

ملاقات میں دفاعی تعلقات کو مزید وسعت دینے پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا

اسلام آباد (این ای این) سعودی عرب کے معاون وزیر دفاع میجر جنرل (ر) انجینئر طلال بن عبداللہ آمچی کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اپنے دورے کے دوران سعودی عرب کے معاون وزیر دفاع میجر جنرل (ر) انجینئر طلال بن عبداللہ آمچی کی آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر سے ملاقات بھی شیڈول (بقیہ نمبر 2)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ، لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے خلاف متفرق درخواست شہری منیر احمد نے دائر کی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے خلاف متفرق درخواست شہری منیر احمد نے دائر کی۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ پیٹرولیم (بقیہ نمبر 5)

آئی ایم ایف کا صنوبوں کے اخراجات میں شفافیت کا مطالبہ

آئی ایم ایف نے آئندہ مالی سال کے وفاقی وصوبائی بجٹ کو ڈیکٹیٹا بز کرنے کی تجویز دی ہے

اسلام آباد (این ای این) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے آئندہ مالی سال کے وفاقی وصوبائی بجٹ کو ڈیکٹیٹا بز کرنے کی تجویز دی ہے۔ شفافیت کا مطالبہ کر دیا۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے صوبائی حکومتوں کے (بقیہ نمبر 4)

پاک بھارت کشیدگی میں کمی، مذاکرات سے مسائل حل کریں، امریکا

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف لیول معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہیں

واشنگٹن (انٹرنیٹ ڈیسک) امریکا نے کہا کہ پاکستان اور خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے سیمی پارلیمنٹ میں کہا کہ پاکستان بھارت بات چیت کے ذریعے مسائل حل کریں۔ امریکی محکمہ اور بھارت کو کشیدگی میں کمی کرنے (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم سے چیئرمین شنگھائی الیکٹرک گروپ کے وفد کی ملاقات، مختلف منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ

کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے: وزیراعظم

چینی ملازمین کیلئے سیکیورٹی کی فراہمی میں

موجودہ منصوبوں کو مزید وسعت دینے کے لیے حکومت پاکستان چینی سرمایہ کاروں کو تمام تر سہولیات فراہم کرے گی، شہباز شریف کی بات چیت

سعودی وفد کے دورے سے پاکستان میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے مشکور ہیں کہ میرے حالیہ دورے کے بعد ائی خصوصی دلچسپی کے تحت سعودی وفد نے پاکستان کا دورہ کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم شہباز شریف نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ پاکستان میں کام کرنے والی چینی کمپنیاں اور ان کے ملازمین کیلئے سکیورٹی کی فراہمی میں کوئی بھی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔ موجودہ منصوبوں کو مزید وسعت دینے کے (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ سعودی وفد کے دورے سے پاکستان میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی۔ شہباز شریف کی (بقیہ نمبر 8)

سوبائی وزیر خوراک بلال لاہین اور وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری نان اور روٹی کی قیمتوں اور دستیابی کے حوالے سے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کی قیمت میں بڑا اضافہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) مہنگائی سے پریشان عوام کے لئے یوٹیلیٹی اسٹورز سے اشیا کی خریداری بھی مشکل ہوگئی۔ تصیلات کے مطابق ایک طرف مہنگائی میں روز افزوں اضافے نے عوام پر زندگی اجیرن کر رکھی (بقیہ نمبر 7)

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی واشنگٹن میں اہم ملاقاتیں

مختلف شعبوں میں شراکت داری بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی واشنگٹن میں اہم ملاقاتیں جاری ہیں جن میں مختلف شعبوں میں شراکت داری کو بڑھانے پر اتفاق کیا جا رہا ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی سعودی ہم منصب سے ملاقات میں دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے اور مختلف شعبوں میں شراکت داری کو بڑھانے پر اتفاق ہوا ہے۔ وزیر خزانہ نے معاشی ٹیم کے (بقیہ نمبر 6)

اسپیکر قومی اسمبلی سے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف کی ملاقات

سفیر الیاز صادق سے

آذربائیجان کے سفیر نے آذربائیجان کی ایمبیسی کی جانب سے سردار ایاز صادق کو ایمبیسی قومی اسمبلی منتخب ہونے پر تہنیتی پیغام پہنچایا

پارلیمانی فرینڈ شپ گروپس کے ذریعے دونوں ممالک کے پارلیمان ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کر سکتے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف نے ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات سمیت باہمی دلچسپی کے اہم امور پر تبادلہ خیال۔ آذربائیجان کے سفیر نے آذربائیجان کی ایمبیسی کی جانب سے سردار ایاز صادق کو ایمبیسی قومی اسمبلی منتخب ہونے پر تہنیتی پیغام پہنچایا اور آذربائیجان کے دورے کی دعوت دی۔ پاکستان اور آذربائیجان ایک (بقیہ نمبر 10)

چینن یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویج (کمل)، اسلام آباد کے طلباء پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں بیٹھک میوزیم کا دورہ کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب سے مختلف اضلاع کے ارکان اسمبلی کی ملاقاتیں

ارکان اسمبلی اپنے حلقے میں مہنگائی نرخ پر روٹی اور نان کی فروخت کی مانیٹرنگ کریں، وہیلی و ہیلاری مراکز محنت کو ٹاہ کے اندر فری دیپ کیا جائے گا، مریم نواز شریف

ہوئے میں 800 سڑکوں کی تعمیر و مرمت ہوگی، 15 ایمبولینس دے رہے ہیں اور 3 موٹر بریجنا ئیں گے، طلباء کیلئے 20 ہزار سٹوڈنٹ بکس کی فراہمی کا پروگرام شروع کیا

لاہور (محمد فیصل ندیم) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مختلف اضلاع کے ارکان صوبائی اسمبلی نے ملاقات کی جس میں عوامی مسائل، مصروبات اور ڈویلپمنٹ پراجیکٹ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ارکان اسمبلی نے مختصر وقت میں متعدد عوام دوست پروجیکٹس شروع کرنے پر مریم نواز شریف وقت سے پہلے کو تحریر رفتاری سے کام کر رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 11)

وزیراعلیٰ کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف وقت سے پہلے کو تحریر رفتاری سے کام کر رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ

عید الاضحیٰ کب ہوگی؟ ماہر فلکیات نے تاریخ بتادی

اسلام آباد (این ای این) ماہرین فلکیات نے عید الاضحیٰ 2024 کی حتمی تاریخ پیش کوئی کر دی تاہم ذوالحجہ کا چاند نظر آنے کے بعد ہی عید الاضحیٰ کی تاریخ کا اعلان کیا جائے گا۔ عید الاضحیٰ اور عید الفطر کے درمیان دو مہینے سے کچھ زیادہ دن کا فرق ہوتا ہے، جس کی وجہ سے عید الفطر کے بعد جہاں لاکھوں مسلمان حج کی تیاری کر رہے ہوتے ہیں، وہیں عید الاضحیٰ کا انتظار شروع ہو جاتا ہے۔ (بقیہ نمبر 13)

رانا احمد طلال کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

والدین قدرت کا انمول تحفہ ہیں ان کا بچھڑ جانا ناقابل تلافی نقصان اور بڑا صدمہ ہے

سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں، سپیکر سردار ایاز صادق، ڈپٹی سپیکر میر غلام مصطفیٰ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور ڈپٹی اسپیکر سید میر غلام مصطفیٰ شاہ نے اے پی پی اردو نیوز سروس کے چیف رپورٹر رانا اعظم طلال کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر نے اپنے علیحدہ علیحدہ تعزیتی پیغامات میں رانا احمد طلال کی والدہ کے انتقال پر رانا احمد طلال اور ان کے اہلخانہ سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین قدرت کا انمول تحفہ ہیں ان کا بچھڑ جانا ناقابل تلافی نقصان اور بڑا صدمہ ہے جسے پورا نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ غم اور دکھ کی گھڑی میں سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر نے اللہ تعالیٰ سے (بقیہ نمبر 12)

پولیو وائرس کی موجودگی، پاکستان پر سفری پابندیوں میں تین ماہ کی توسیع

عالمی ادارہ صحت کی ایمرجنسی کمیٹی برائے پولیو کی جانب سے پابندی میں توسیع کی سفارش کی گئی تھی

اسلام آباد (این ای این) پولیو وائرس کی موجودگی کے باعث عالمی ادارہ صحت نے پاکستان پر سفری پابندیاں برقرار رکھنے کا فیصلہ کرتے ہوئے اس میں (بقیہ نمبر 9)



ہوم سیکرٹری پنجاب نور الامین مینگل پنجاب پرینن فاؤنڈیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری جیل عاصم رضا، آئی جی جیل اور دیگر ممبران و افسران بھی موجود ہیں

حکومت پاکستان کے احکامات کی پاسداری نہیں کی گئی

احکامات کی پاسداری نہ ہونے پر ایکس پر پابندی لگانا ضروری تھا، وزارت داخلہ

اسلام آباد (این ای این) وزارت داخلہ نے ایکس پر پابندی کے فیصلے سے متعلق رپورٹ عدالت میں جمع کرادی، جس میں بندش کی وجوہات بتائی گئیں ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں ایس کی بندش کے خلاف کیس کی سماعت (بقیہ نمبر 20)

نمل کے 54 رکنی طلبہ مشتمل وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ

وفد کو سینیٹ میوزیم کا دورہ کرایا گیا جہاں پر انہیں ایوان بالا کی تاریخ پر مبنی ڈاکومنٹری دکھائی گئی

وفد نے سینیٹ میوزیم میں ملک کے ممتاز سیاستدانوں کے مجسموں اور تاریخی تصاویر میں دلچسپی کا اظہار کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویج (NUML) کے 54 رکنی طلباء و طالبات پر مشتمل وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ کیا۔ وفد کو سینیٹ میوزیم کا دورہ کرایا گیا جہاں پر انہیں ایوان بالا کی تاریخ پر مبنی ڈاکومنٹری دکھائی گئی۔ وفد نے سینیٹ میوزیم میں ملک کے ممتاز سیاستدانوں کے مجسموں اور تاریخی تصاویر میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ بعد ازاں وفد نے سینیٹ ہال کا بھی دورہ کیا جہاں سینیٹ خام کی جانب سے وفد کو ایوان بالا کے کام کے طریقہ کار، قانون سازی، گلشن اور سینیٹ اجلاس کی کارروائی سے متعلق مفصل بریفنگ دی گئی۔

پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کے سینیٹ ہال میں نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویج (کمل) اسلام آباد کے طلباء کی ایک گروپ فوٹو

شادی سے پہلے بچیوں کو خاندانی اور معاشرتی معاملات سے آگاہی ہونا بے حد ضروری

عدالت عالیہ نے چائلڈ میرج ایکٹ 1929ء میں لڑکے اور لڑکی کی عمر میں فرق کو کالعدم قرار دے دیا ہے

چائلڈ میرج ایکٹ میں شادی کی کم از کم عمر 18 سال مقرر، عدالتی فیصلے کا خیر مقدم

پیدائش کے اندراج کا غیر موثر نظام بچوں کی شادیوں کے واقعات میں نمایاں کردار ادا کرتا ہے

ملک گیر مہم بچوں کی شادی کے نقصان دہ اثرات کے بارے میں بیداری بڑھانے میں بھی مدد کر سکتی ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) چیف ایگزیکٹو آفیسر پی ٹی آئی ایف و ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر محمد ثمین رائے نے کہا ہے کہ پنجاب میں باہمی مشاورت سے کم عمری کی شادی کے خاتمے کے لیے کم عمر کی شادی کی ممانعت کے قانون کا ڈرٹ لیے ایک مشترکہ لائحہ عمل بھی ترتیب دیا گیا ہے۔ کم عمری کی شادی بچوں کو بنیادی انسانی حقوق سے محروم کر دیتی ہے۔ کم عمری کی شادی ہماری سماجی ترقی کی راہ میں بہت بڑی رکاوٹ ہے۔ عدالت عالیہ نے چائلڈ میرج ایکٹ 1929 میں لڑکے اور لڑکی کی عمر میں فرق کو کالعدم قرار دے دیا ہے۔ اس حوالے (بقیہ نمبر 21)

لیسکو افسران کا اس ماہ اوور بلنگ ختم کرنے کا فیصلہ

اوور بلنگ کے مسئلے پر سیکرٹری توانائی اور لیسکو مینجمنٹ کے درمیان بات چیت ہوئی

لاہور (آئی آئی پی) ذرائع کا کہنا ہے کہ لیسکو افسران نے اس ماہ اوور بلنگ ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اوور بلنگ کے مسئلے پر آج سیکرٹری توانائی اور لیسکو (بقیہ نمبر 26)

پنجاب حکومت نے فیض آباد دھرنے میں رکاوٹ نہیں ڈالی تھی

پولیس ایکشن ہمارے نہیں عدالت کے حکم پر ہوا تھا، شاہد خاقان عباسی

کے وقت وزیراعظم خقاندہ داری قبول کر رہا تھا

اسلام آباد (آئی آئی پی) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ فیض آباد دھرنے کے وقت وزیراعظم خقاندہ داری قبول کر رہا تھا۔ شاہد خاقان عباسی (بقیہ نمبر 27)

وائس چانسلر ڈاکٹر خالد محمود اور وزیر اعلیٰ پنجاب پی خورو یونیورسٹی میں روسی زبان کی تدریس اور ترویج کے لیے تربیتی نوشہ کلاس روسی کا دورہ کر رہے ہیں

انٹرنیٹ میں امریکی ڈالر کی قدر میں معمولی کمی ریکارڈ

کراچی (سی ایم لنکس) انٹر بینک میں امریکی ڈالر کی قدر میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی۔ کرنسی ڈیلر کے مطابق آج کاروبار کے آغاز پر انٹر بینک میں ڈالر 4 پیسے سستا ہو کر 278 روپے 25 پیسے کا ہو گیا۔ واضح رہے کہ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز (بقیہ نمبر 15)

بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کا سڑکوں پر داخلہ بند

لاہور (سی ایم لنکس) چیف ٹریفک آفیسر لاہور نے شہر میں بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کا بھاری چالان کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ چیف ٹریفک آفیسر طارق الطیر نے کہا ہے کہ شہر میں بغیر ہیلمٹ موٹر (بقیہ نمبر 16)

گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان سے پاکستان میں روس کے سفیر ایلیرٹ بو لوٹے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی

ملک میں نیٹ میٹرنگ کا حجم 1735 میگاواٹ تک پہنچ گیا

صارفین تیزی سے سولر بجلی کے نظام کی طرف راغب نظر آ رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بجلی مہنگی ہونے اور سولر پینلز کی قیمتوں میں کمی کے باعث ملک میں سولر کے استعمال میں 50 فیصد اضافہ ہو گیا۔ تحقیقات کے (بقیہ نمبر 17)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ کی ملاقات

ملاقات کے دوران ملکی مجموعی صورتحال سمیت سیاحت کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

گلگت بلتستان انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے عازمین حج اور ایران، عراق جانے والے زائرین کیلئے فلائٹس شروع کی جائیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ نے وفاقی چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کو منتخب کا چیئرمین منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں ہونے والی ملاقات کے دوران ملکی مجموعی صورتحال سمیت سیاحت کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر گلگت بلتستان نے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کو گلگت بلتستان کے انتخابی اور سیاسی پیچیدگی مسائل کے حوالے سے تفصیلی آگاہ کیا۔ انہوں (بقیہ نمبر 18)

ڈاکٹر یاسمین راشد کو انسداد دہشت گردی عدالت میں پیشی کے بعد جیل لے جایا جا رہا ہے

شیخ رشید، پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف 9 مزید مقدمات، جج کی مزید سماعت سے معذرت

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت کے جج ملک اعجاز آصف نے سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید اور پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف 9 نئے مقدمات کی مزید سماعت سے معذرت کر لی۔ کیس کی سماعت کے موقع پر پی (بقیہ نمبر 23)

ایس ایچ او تھانہ فتح شیر کو ناقص کارکردگی پر چارج شیٹ جاری

فرائض میں غفلت برتنے والے افسران رعایت کے مستحق نہیں، ڈی پی او ساہیوال

ساہیوال (آئی آئی پی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال فیصل شہزاد نے اے ایس پی عثمان سلیم کے ہمراہ ضلع کے مختلف تھانوں کا وزٹ کیا۔ کیا جرتھان ڈی پی او (بقیہ نمبر 22)

وزیراعلیٰ پنجاب نے عوام کا دل جیت لیا ہے، سہیل شوکت بٹ

روٹی کی قیمت میں کمی غریب دوست وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا تاریخی فیصلہ ہے

لاہور (سی ایم لنکس) روٹی و نان کی قیمتوں میں کمی کے حوالے سے سوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ نے کہا ہے کہ روٹی کی قیمت میں کمی غریب (بقیہ نمبر 24)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شاہنج حسین پنجاب یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی ٹاؤن شپ کے دورے کے دوران تربیتی عمل کا مشاہدہ کر رہے ہیں

پاکستان تحریک انصاف کا بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے لئے دھرنا دینے کا اعلان

اسلام آباد (رویندہ رزاق سے) پاکستان تحریک انصاف نے بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے لئے دھرنا دینے کا اعلان کر دیا۔ شیر افضل مروت نے کہا 21 اپریل کے بعد احتجاجی تحریک شروع کرنی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فیصل چٹھہ نے ٹی وی کے پروگرام ایجنڈا پر میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی باتوں سے سمجھا 32 لوگ واپس پارٹی میں آگئے ہیں، جن لوگوں نے پارٹی چھوڑنے وقت الزامات لگائے ان (بقیہ نمبر 25)

معاشی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پاکستانی اصلاحات کو سراہتے ہیں

پاکستان اپنی معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے اقدامات کر رہا ہے، امریکا

واشنگٹن (آئی آئی پی) امریکا نے معاشی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پاکستان کی جانب سے کی جانے والی اقتصادی اصلاحات کی تعریف کر دی۔ امریکی وزارت خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے پریس بریفنگ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امریکا پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان معاہدے کا خیر مقدم کرتا ہے۔ میتھیو ملر نے مزید کہا ہے کہ پاکستان (بقیہ نمبر 28)

دادو، مسافر کوچ اور آئل ٹینکر میں خوفناک تصادم

6 افراد جاں بحق جبکہ 40 سے زائد شدید زخمی ہو گئے، تفتیش شروع

دادو (آئی آئی پی) دادو میں مسافر کوچ اور آئل ٹینکر میں خوفناک تصادم کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق جبکہ 40 سے زائد شدید زخمی ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق المسوسناک حادثہ دادو کے علاقے باجحہ کے قریب پیش آیا جہاں کراچی جانے والی بس تیز رفتاری کے باعث سڑک پر بے قابو ہو کر آگے جانے والے آئل ٹینکر سے ٹکرا گئی، حادثے کے نتیجے (بقیہ نمبر 29)

ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار | MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پٹرولیم نرخوں میں پھر اضافہ

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت بجلی شعبے کے حوالے سے اعلیٰ سطح اجلاس کا پہلا دور اسلام آباد میں ہوا، اجلاس میں وفاقی وزرا اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو بجلی کے شعبے کی موجودہ پیداوار اور ترسیلی نظام کے حوالے سے تفصیلات، حکومتی اقدامات اور تجاویز کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، اجلاس کو بتایا گیا کہ درآمدی کوئلے سے چلنے والے منصوبوں کو مقامی کوئلے پر منتقل کرنے سے نہ صرف قیمتی زرمبادلہ بچایا جا سکے گا بلکہ صارفین کیلئے فی یونٹ قیمت میں 2 روپے کی ممکن ہوگی۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ عام آدمی کیلئے بجلی کی فی یونٹ قیمت میں کمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں۔ مہنگے تیل پر چلنے والے بجلی کے منصوبوں کو قابل تجدید توانائی پر منتقل کرنا وقت کی ضرورت ہے، بجلی کی ترسیل کی استعداد میں اضافہ ناگزیر ہے، ونڈ، پن بجلی اور شمسی توانائی کے منصوبوں کے دوررس نتائج برآمد ہوں گے، حکومت بجلی چوری کی روک تھام کے لیے پرعزم ہے۔ بجلی کی پیداوار کے لئے اگر ہم متبادل ذرائع استعمال کریں تو اربوں ڈالر کے تیل کا درآمدی بل کم کیا جا سکتا ہے۔

کوئی بھی ملک ترقی اور خوشحالی کی منزل اس وقت تک حاصل نہیں کر سکتا جب تک اس کے پاس ضرورت اور ضرورت مندوں کی استعداد کے مطابق انرجی دستیاب نہ ہو۔ گیس اور پٹرول اپنی جگہ لیکن پاکستان میں انرجی کا سب سے بڑا ذریعہ بجلی ہے۔ گیس اور پٹرول کے پاکستان میں محدود ذخائر ہیں لہٰذا دونوں خصوصی طور پر پٹرولیم کی درآمد پر وزیراعظم شہباز شریف کے بقول اربوں ڈالر صرف کرنا پڑتے ہیں۔ ایک تو ہمارے ہاں بجلی ضرورت کے مطابق پیدا نہیں ہوتی دوسرے بجلی چوری ہوتی ہے اور ترسیلی نظام بھی بوسیدہ ہے۔ اس حوالے سے بھی اجلاس میں بات کی گئی۔ بتایا گیا کہ بجلی کے ترسیلی نظام کی بہت ہی بری حالت ہے، جس کی بہتری کے لیے جتنی بھی کوشش اور سرمایہ کاری کی جائے کم ہے، اسے درست کیے بغیر جتنی چاہیں بجلی پیدا کر لیں اگر ٹرانسمیشن نظام بہتر نہیں تو ساری سرمایہ کاری ضائع ہو جائے گی، اس کام کے لیے عالمی معیار کے کنسلٹنٹس کی خدمت حاصل کی جائیں۔

اجلاس کے دوران بہت سی تجاویز حکام کی طرف سے دی گئیں۔ جمہوریت میں حکومتیں بدلتی رہتی ہیں۔ نئے سیاسی چہرے سامنے آتے ہیں۔ وہ اپنے ایجنڈے پر عمل کر رہے ہوتے ہیں کہ حکومت کی مدت ختم ہو جاتی ہے۔ نئی حکومت آتی ہے اس کی اپنی ترجیحات ہوتی ہیں لیکن حکام اور اعلیٰ حکام اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے رہتے ہیں۔ ان کی طرف سے اجلاس کے دوران بتایا گیا کہ برآمدی کوئلے سے چلنے والے پلانٹس کو مقامی کوئلے پر منتقل کرنے سے کتنا فائدہ ہو سکتا ہے اور ترسیلی نظام کے حوالے سے بھی بریفنگ دی گئی۔ یہ دونوں کام تو حکام اور اعلیٰ حکام کی طرف سے اب تک ہو جانے چاہئیں تھے۔

وزیراعظم کی طرف سے کہا گیا کہ ہائیڈرو پاور کو آگے بڑھائیں، اس حوالے سے حکام کے پاس جو بھی تجاویز ہوں کالا باغ ڈیم اس حوالے سے بہترین آپشن ہو سکتا ہے۔ آج بھی کالا باغ ڈیم کی تعمیر کا آغاز ہو جائے تو دو ڈھائی سال میں اس کی تکمیل ہونے کے بعد پاکستان کی کافی حد تک سستی ترین بجلی کی ضرورت پوری ہو سکتی ہے۔ وافر اور سستی انرجی کے حصول کے لیے جیسا وزیراعظم کی طرف سے کہا گیا سولر، ہائیڈرو اور ونڈ انرجی کی طرف زیادہ توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔

کیا واقعی 56 بہنوں کا اکلوتا بھائی ایران ثابت ہوا؟

علی احمد ڈھلوں

7 اکتوبر 2023 کو فلسطینی تنظیم حماس نے اسرائیل میں حملے کیے اور کم از کم 13 سو اسرائیلیوں کو ہلاک کر کے ڈھائی سو کے قریب کو اغوا کیا۔ جس میں سے کچھ اسرائیلی حملوں میں ہلاک ہو گئے، کچھ کو آزاد کر دیا گیا، جبکہ ابھی بھی 130 اسرائیلی شہری حماس کے قبضے میں ہیں۔ اسرائیل نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے فلسطین کے شہر غزہ کو تہس نہس کر دیا۔ 33 ہزار فلسطینی بچوں، بڑوں اور بوڑھوں کو شہید کیا، اور لاکھوں افراد کو زخمی کیا۔ اور لبنان ہو، یمن ہو یا ایران ہو، جو ملک بھی اس لڑائی میں آیا اسرائیل نے اسے بھی سبق سکھانے کے لیے بیانات دیے اور ایک آدھ حملہ بھی کر دیا۔ جیسے لبنان میں ڈرون حملے کیے، حوثیوں پر میزائل گرائے، اور دمشق میں موجود ایرانی قونصل خانے پر یکم اپریل کو حملہ کیا جس کے نتیجے میں ایرانی پاسداران انقلاب کے لیڈر سمیت 12 افراد شہید ہو گئے تھے۔ اب یوں لگ رہا تھا کہ جیسے دنیا کے 57 اسلامی ممالک کھڑے تماشہ دیکھ رہے ہیں اور ایک بدمست ہاتھی سب کو روندتا جا رہا ہے۔ ایسے میں کسی ملک نے اسرائیل کو براہ راست دھمکی تو دور اسرائیلی اقدامات کی کھلے الفاظ میں مذمت بھی نہ کی۔ جبکہ ایران نے بھی خاصی سوچ بے چار کے بعد بدلہ لینے کا اعلان کیا۔ اور محدود کارروائی کی۔ یعنی گزشتہ ہفتے کے روز اسرائیل پر تقریباً 300 ڈرون اور کروز میزائل فائر کر دیے۔ جن میں سے اسرائیل کے مطابق 99 فیصد فضائیں ہی اُڑا دیے گئے، جبکہ ایک فیصد نے جزوی نقصان پہنچایا۔ عالمی میڈیا کے مطابق 90 فیصد میزائل اور ڈرون تباہ کیے گئے اور ایرانی میڈیا کے مطابق ایران نے اسرائیل میں 50 فیصد اہداف کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ ایران کی جانب سے یہ کارروائی اسکے پیشگی اعلانات کے عین مطابق تھی اور اسرائیلی حملے کا جواب دینے کا حق اسے یقیناً حاصل تھا۔

اب اس حوالے سے سوشل میڈیا پر کوئی ایران کو بڑھا چڑھا کر پیش کر رہا ہے تو کوئی دھیمے لہجے میں Appreciate کر رہا ہے تو کوئی ایران پر ناکام ہونے کا الزام لگا رہا ہے۔ لیکن آگے چلنے سے پہلے میں یہ بتاتا چلوں کہ ایران کی یہ کارروائی دمشق میں ہونے والے اُس حملے کا جواب تھا جو اُس کے سفارتخانے میں ہوا۔ نا کہ فلسطین پر حملوں کے جواب میں تھا۔ لیکن ہمیں ایران کے اس اقدام کو سراہنا چاہیے کہ اُس نے دلیرانہ قدم ایسے وقت میں اُٹھایا جب پوری اُمت مسلمہ سہمی بیٹھی اور پٹنے کے لیے اپنی باری کا انتظار کر رہی ہے۔ اور ہاں یہ بات بھی درست ہے کہ وہ انتظار ہی نہیں کر رہی بلکہ ان میں سے کئی ایک ممالک تو باقاعدہ اسرائیل کا ساتھ دے رہے ہیں جن میں اردن نمبر ون پوزیشن پر ہے۔ مجھے تو اس وقت سخت حیرانگی اُردن پر ہو رہی ہے،،، جس نے تمام عمر اسرائیل سے جوتیاں کھائی ہیں،،، اُس نے ایران کے میزائیلوں کو فضائیں تباہ کر کے نا جانے کون سا معرکہ سر کیا ہے؟ حالانکہ اسرائیل اور اردن کے درمیان 1948 سے 1994 تک جنگ لڑی گئی جس کے بعد 1994 میں جنگ کے خاتمے کے ساتھ ہی ایک امن معاہدہ ہوا۔ جس کے بعد ایران نے اردن کیخلاف بھی کارروائی کرنے کا عندیہ دے دیا ہے۔ میرے خیال میں اگر اردن کچھ اور نہیں کر سکتا، تو کم از کم خاموش ہی رہے،،، لیکن شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار ہونے سے انہیں کیا حاصل ہوگا؟ ہو سکتا ہے کہ وہاں کے ڈکٹیٹر بادشاہوں کو وقتی فائدہ حاصل ہو جائے،،، لیکن تاریخ میں اُنہیں کن الفاظ میں یاد رکھا جائے گا یہ بات شاید وہ نہیں جانتے!

اور پھر سو باتوں کی ایک بات کہ میں یہ بات سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ہم مسلمان ملک اتنے پیسے اسلحے پر کیوں خرچتے ہیں، خاموشی سے امریکا کی غلامی بالکل اُسی طرح کر لیں جس طرح جرمنی، تائیوان، جاپان، کینیڈا بلکہ پورے یورپ نے کی ہوئی ہے۔ میں ایسا اس لیے کہہ رہا ہوں کہ ویسے تو کہنے کو تمام مسلم ممالک کے پاس کھربوں ڈالر کا اسلحہ موجود ہے،،، اور ان کا سالانہ دفاعی بجٹ بھی اربوں ڈالر میں ہے،،، جیسے ترکی کا دفاعی بجٹ 11 ارب ڈالر، سعودی عرب کا دفاعی بجٹ 80 ارب ڈالر، انڈونیشیا کا 7 ارب ڈالر، الجیریا کا 11 ارب ڈالر، ملائیشیا کا 5 ارب ڈالر، مراکو کا 5 ارب ڈالر، متحدہ عرب امارات کا 16 ارب ڈالر، مصر کا تین ارب ڈالر اور وطن عزیز کا کم و بیش 7 ارب ڈالر دفاعی بجٹ ہے،،، جبکہ اس کے علاوہ ضرورت پڑنے پر یا علاقائی توازن قائم رکھنے کے لیے بھی ہم مزید اسلحہ خرید لیتے ہیں،،، لیکن میرے خیال میں ہم فضول میں اربوں ڈالر کے ہتھیار خرید بھی رہے ہیں، جمع بھی کر رہے ہیں اور نئے ہتھیار بنا بھی رہے ہیں۔ کیوں کہ جب انہیں استعمال کرنے کا وقت آتا ہے تو ہم سب بھیگی بلی بن جاتے ہیں!

اور پھر یہی نہیں اس موقع پر تو اسلام کے تحفظ کے نام پر قائم ہونے والی درجنوں جماعتیں بھی بھیگی بلی بنی ہوئی ہیں،،، یعنی کوئی ہمیں بتائے کہ اسلام کی سرپرست جماعتیں داعش، تنظیم طالبان یا القاعدہ اور دیگر تنظیمیں اس موقع پر کہاں ہیں؟ یہ صرف مسلمانوں کو مارنے کے لیے ہیں؟ غیر مسلم جب ظلم کرتے ہیں تو یہ لوگ اُس وقت بدلا کیوں نہیں لیتے؟ لیکن جیسے ہی کسی مسلمان سے بدلا لینا ہو تو جناب! ایہ لوگ ایسا ایسا جدید اسلحہ لے آتے ہیں کہ خدا کی پناہ .... اور پھر آپ دیکھ لیں،،، ابھی تک افغانستان سے بھی ماسوائے زبانی جمع تفریق کے کچھ حاصل نہیں ہو سکا۔ آپ یہ سب بھی چھوڑیں بلکہ دیکھیں کہ غزہ پر جتنی تباہی ہوئی ہے،،، اُس پر سب سے زیادہ احتجاج اسلامی ممالک کے بجائے غیر مسلم ممالک میں ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے امریکا کو اسرائیل کی اعلانیہ حمایت چھوڑ کر بیک فٹ پر جانا پڑا۔

بہرکیف ہوشمندی کا تقاضا یہی ہے کہ جنگ کی آگ کو پھیلنے کا مزید کوئی موقع دینے کے بجائے جلد از جلد ٹھنڈا کرنے کی خاطر تمام ممکنہ تدابیر اختیار کی جائیں۔ فلسطینیوں کیخلاف اسرائیلی جارحیت بلاتاخیر بند کرائی جائے اور اس تنازع کو منصفانہ طور پر حل کیا جائے تاکہ خطے میں پائیدار امن قائم ہو سکے۔ ایسا نہ کیا گیا تو پوری دنیا جنگ کے شعلوں کی لپیٹ میں آ جائیگی اور ناقابل تصور تباہی کا سامنا کرنا ہوگا۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سات عشروں سے اس مسئلے کو حل کرنے میں ناکام ہے لہٰذا کم از کم اب اسے اس سمت میں فوری اور موثر اقدامات کا فیصلہ کر کے اور ان پر بلاتاخیر عمل درآمد یقینی بنا کر اپنے وجود کی افادیت ثابت کرنی چاہیئے۔ اور رہی بات او آئی سی کی تو اسے آپ چھوڑ ہی دیں۔ کیوں کہ وہ ایک خاندان (اسلامی ممالک) کو اکٹھا کرنے میں بری طرح ناکام ثابت ہوئی ہے۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ افسوسناک بات یہ ہے کہ اس تنظیم کی جانب سے جتنے بھی فیصلے کیے گئے اُن کا معیار یہ تھا کہ اُس میں سے 99 فیصد آج بھی زیرالتوا ہیں۔ اور پھر یہاں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ یہ پلیٹ فارم دنیا بھر کے ڈیڑھ ارب مسلمانوں کی اجتماعی آواز ہے۔ لیکن مسئلہ یہ ہے کہ یہ مسلمانوں کے مسائل کو اُجاگر کرنے، اُنہیں حل کرنے سے گریزاں نظر آتی ہے، اس کی وجہ شاید یہ ہے کہ اس تنظیم کے بڑے بڑے ممالک خودمختار ہونے کے بجائے مغربی قوتوں کی چھتر چھایہ میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ حالانکہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، کویت، بحرین، ترکی، ملائیشیا، پاکستان اور انڈونیشیا وغیرہ جیسے امیر اور اسلحہ سے مالا مال ممالک بھی مغربی ممالک کی مرہون منت ہیں۔ معذرت کے ساتھ یہ تنظیم اسلام کے نام پر بنی لیکن اس میں موجود تمام اسلامی ممالک کے دوسرے ملکوں کے ساتھ مفادات جڑے ہیں اور یہ ممالک انہی مفادات کو ترجیح دیتے ہیں۔

آپ کو اس تنظیم کی مزید بہترین کارکردگی بھی بتاتا چلوں کہ جس سے آپ اُمیدیں وابستہ کیے بیٹھے ہیں، اُنہوں نے 2017 میں کیا کیا؟ 13 دسمبر 2017 کو ترکی کے صدر اردگان نے او آئی سی کا اہم ترین اجلاس اس وقت بلا لیا جب امریکی صدر ٹرمپ نے یروشلم (القدس) سے متعلق فیصلہ کرتے ہوئے اسے غاصب اور جعلی ریاست اسرائیل کا دارالحکومت بنانے کا اعلان کیا اور ساتھ ہی امریکی سفارتخانہ کو تل ابیب سے القدس منتقل کرنے کا اعلان بھی کیا تھا جسے گزشتہ سال مورخہ 14 مئی کو عملی جامہ پہنایا گیا ہے۔ بہرحال اس موقع پر ترک صدر نے انتہائی عجلت کا مظاہرہ کیا اور فلسطینیوں کا درد سینے میں لئے سب سے پہلے آگے بڑھ کر او آئی سی کا اجلاس طلب کر لیا لیکن اس اجلاس کے فیصلوں نے جہاں فلسطینیوں کے درد کا مداوا کرنا تھا وہاں نہ صرف فلسطینیوں کی پیٹھ پر خنجر گھونپ دیا گیا بلکہ پوری مسلم امہ کو بھی حیران کن صورتحال میں لا کھڑا کیا، اس اجلاس میں کہ جس کا مقصد قبلہ اول بیت المقدس کی شناخت کو امریکی فیصلوں کے سامنے محفوظ کرنا اور دفاع کرنا تھا اس میں کہا گیا کہ مشرقی القدس فلسطین کا ابدی دارالحکومت ہے، جبکہ تاریخی اعتبار سے دیکھا جائے تو القدس شہر جو مشرقی و مغربی حصوں پر مشتمل ہے دراصل پورے کا پورا ہی فلسطین کا ابدی دارالحکومت رہا ہے جبکہ 1948 سے مغربی القدس کا علاقہ پہلے ہی غاصب صیہونی ریاست کے تسلط میں ہے۔ لہٰذا او آئی سی کی اس قرارداد نے جہاں ایک طرف 48 کے صیہونی غاصبانہ تسلط کو بھی قانونی شکل دے ڈالی وہاں قبلہ اوّل کے تشخص کے عنوان سے فلسطینی مسلمانوں اور مسلم دنیا کے جذبات بھی مجروح کر ڈالے۔ افسوس ہے کہ اگر اس اجلاس میں مسلم دنیا کے یہ حکمران واضح اور شفاف فیصلہ کرتے تو شاید آج امریکہ کو یہ ہمت نہ ہوتی کہ وہ فلسطینیوں کی لاشوں پر لاشیں گرا رہا ہوتا اور دنیا کی یہ 56 بہنیں تماشا دیکھ رہی ہوتیں۔ اور اگر اکیلا بھائی سینہ تان کر کھڑا ہوتا تو بجائے اُس کا ساتھ دینے کے یہ اُس کے حملہ کرنے کے انداز کا ہی تمسخر اُڑا رہی ہوتیں!

تحریر۔۔۔۔میاں حبیب

عیدی کمانے کا کلچر ہمارے معاشرے کی جڑوں میں سرائیت کر چکا ہے عید پر کپڑے سینے والا درزی مان نہیں وہ بھی عام دنوں سے زیادہ ریٹ وصول کرتا ہے منتیں علیحدہ سے کرواتا ہے عید سے تین دن پہلے گوشت سبزیوں مٹھائیوں بیکری مصنوعات کے ریٹ اور ہوتے ہیں چاند رات کو ریٹس کو بھی چار چاند لگ جاتے ہیں عام دنوں میں ٹرانسپورٹ کے کرائے اور ہوتے ہیں عید پر گھروں کو جانے اور عید منا کر آنے والوں کے لیے کرائے اور ہو جاتے ہیں اگر کسی سے شکوہ کرلو تو کہتے ہیں ہم نے بھی عید کمانی ہے اور کچھ نہیں تو کوئی بھی چیز خریدنے یا سروسز حاصل کرنے پر عیدی مانگ لی جاتی ہے تہواروں پر کمائی کا رواج اتنا گہرا ہو گیا ہے کہ ان دنوں میں اگر آپ کو کسی دفتر میں کام پڑ گیا تو سمجھ لیں کہ آپ کا کباڑا ہو گیا گیٹ پر کھڑے اہلکار سے لے کر متعلقہ افسر تک ہر بندے نے آپ سے عیدی وصول کرنی ہے کئی سرکاری اہلکار تو پرانی فائلیں نکال کر رکے ہوئے کاموں کو حل کرنے کی مشق میں جت جاتے ہیں کئی پرانے کیس کھول کر بیٹھ جاتے ہیں اور کسی نہ کسی بہانے بلوا کر عیدی وصول کر لیتے ہیں بہاولنگر میں عید سے ایک دو روز قبل جو قانون کی حکمرانی قائم کرنے کی کوشش کی گئی تھی اس کے پیچھے بھی عیدی بناو پروگرام تھا جو بگڑتے بگڑتے آئین اور قانون کی بالادستی، ریاست کی رٹ مورال، اختیارات اور طاقت کے استعمال تک جا پہنچا ہر دو فریقین نے اپنی سپرمیسی دکھانے کی کوشش کی اور آخر بالادست نے اپنی سپرمیسی ظاہر کر دی اب دونوں اداروں میں صلح بھی ہو چکی اور ایک اعلیٰ سطحی تحقیقاتی ٹیم بھی تشکیل دی جا چکی ہے جو اس بات کا تعین کرے گی کہ کس کا کیا قصور تھا اور پھر قصورواروں کو سزا دینے کا بھی عندیہ دیا گیا ہے پاکستان میں یہ تاثر بہت گہرا ہو چکا ہے کہ وقت پر جو کر گیا سو کر گیا بعد میں کچھ نہیں ہوتا دونوں ڈسپلنڈ ادارے ہیں دونوں کا اپنا اپنا نظم وضبط ہے دونوں کا سزا اور

ہمارا اکھڑا ہوا معاشرہ

جزا کا اپنا نظام ہے جس پر سختی سے عمل بھی کیا جاتا ہے لیکن کئی معاملات پر آنکھیں بند بھی کرنا پڑتی ہیں کس کے ساتھ کیا ہوا اب سب کو پتہ چل چکا ہے کیونکہ کیمرے کی آنکھ بڑی ظالم ہے وہ سب کچھ آشکار کر دیتی ہے واقعات کی فوٹیج سب کچھ بتا رہی ہے، یہ واقعہ اپنی جگہ پر ایک گھمبیر تا ہے لیکن اس پر جو سوشل میڈیا پر تماشہ لگا ہوا ہے اس کے بہت گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں اس پر سخن ور اپنا فن تخلیق کر رہے ہیں میمز بن رہی ہیں کئی قسم کی تخلیقات جنم لے رہی ہیں اور بے بس عوام اسے تسکین کا ذریعہ بنائے بیٹھے ہیں دراصل عوام کا براہ راست پولیس سے واسطہ پڑتا ہے پولیس اس حوالے سے بدنام بھی ہے کہ یہ مارتے بھی ہیں اور پیسے بھی لیتے ہیں دوسرے محکموں کے اہلکار بھی کسی سے کم نہیں لیکن وہ آپ کا کچھ سنوارنے کے عوض نذرانہ لیتے ہیں جبکہ پولیس تشدد بھی کرتی ہے اور نذرانہ بھی لیتی ہے اس لیے عوام میں پولیس کے خلاف نفرت کچھ زیادہ ہی ہے پچھلے ایک دو سال میں پنجاب پولیس کی کارکردگی اس حوالے سے بہت متاثر کن رہی کہ انھوں نے ماورائے قانون بہت سارے ٹارگٹ اچیو کیے جس کی پاداش میں پنجاب پولیس ریاست کی آنکھ کا تارا بنی ہوئی تھی اس خصوصی کارکردگی پر پہلی بار دل کھول کر پولیس کو نوازا گیا ہر سطح پر ترقیاں دی گئیں پولیس نے نہ صرف پچھلے ایک دو سال میں تاریخ ساز دیہاڑیاں لگائیں بلکہ طاقت اور اختیارات کو بھی خوب انجوائے کیا فورس کا اس حوالے سے مورال بھی کافی ہائی ہو چکا تھا لہٰذا اب پولیس والے بڑے بڑوں کو کسی کھاتے میں نہیں لکھتے تھے بہاولنگر والے واقعہ میں جو کچھ پولیس کے ساتھ ہوا عوام نے اس کو اپنے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک کے پیرا ہے میں اپنی آہوں کا بدلہ قرار دیا پولیس پر فنڈز بارش کی طرح نچھاور کیے گئے تھانوں کو وی وی آئی پی بنا دیا گیا جدید ٹیکنالوجی سے بھی آراستہ کیا گیا لیکن کے روائیتی رویوں کی تبدیلی پر کوئی خاطر خواہ کام نہیں کیا گیا پولیس کلچر پون صدی پرانا ہی چل رہا ہے جب تک پولیس کو عوام کا خدمت گزار نہیں بنایا جاتا اور پٹوار کلچر سے نجات نہیں دلوائی جاتی نہ کوئی تبدیلی آ سکتی ہے نہ بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے، پندرہ بیس سال قبل جب الیکٹرانک میڈیا عروج پکڑ رہا تھا تو ٹاک شو عوام کے پسندیدہ پروگرام تھے کیونکہ پہلی بار عوام اینکر کے ہاتھوں اپنے ایم این اے، ایم پی اے وزیروں، چوہدریوں، جاگیرداروں، وڈیروں اور حکمران طبقہ کو ذلیل ہوتے دیکھ کر اور جوابدہ پا کر خوش ہوتے تھے اسی طرح جب وکلاء تحریک کے نتیجے میں وکلاء اتنے طاقتور ہو گئے کہ وہ یہ سمجھنے لگے کہ کوئی ریاستی ادارہ ہمیں نہیں پوچھ سکتا اور پولیس والے تو بیچارے عدالتوں میں جانے سے گھبراتے تھے کیونکہ وکلاء دستی حساب چکانے پر آ گئے تھے پاکستان میں کبھی عدلیہ بہت طاقتور ہو جاتی ہے کبھی میڈیا کبھی پولیس دراصل ان سارے معاملات سے پتہ چلتا ہے کہ پاکستان میں جس کسی کے پاس بھی اختیار جاتا ہے وہ اعتدال میں نہیں رہتا وہ اپنے اختیارات کا من چاہا استعمال کرتا ہے اسے اختیارات ہضم ہی نہیں ہوتے اسے اپھارا ہو جاتا ہے اور پھر اس طرح کے حادثات جنم لیتے ہیں جو بہاولنگر میں ہوا ہے جب تک معاشرے کے تمام شعبے اپنی اپنی حدود و قیود میں رہ کر آئین اور قانون کے مطابق پرفارم نہیں کرتے اس وقت تک ایسے واقعات جنم لیتے رہیں گے جب ہم کسی خاص مقصد کے لیے اصولوں اور ضابطوں کے برعکس کسی ادارے، شخصیت، فرد یا اہلکار کو استعمال کرتے ہیں تو وہ دس اپنے ناجائز کام بھی کر گزرتا ہے اگر ہم معاشرے کا بغور جائزہ لیں تو ہمارا معاشرہ اکھڑ چکا ہے جس کا زور چلتا ہے وہ اپنی من مرضی کرتا ہے اب آپ کی مرضی ہے پاکستان کو ایسے ہی چلانا ہے یا کسی سسٹم کے تحت جواب ضرور تلاش کیجیے گا

SHOWBIZ شوبز

شادی کے متعلق سوچ کر وقت ضائع نہیں کرتی، زینب قیوم

اللہ اس کے متعلق بہتر جانتے ہیں وہ وقت سے پہلے کچھ حاصل نہیں کرسکتیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ زینب قیوم نے کہا ہے کہ انہوں نے اپنی شادی کا معاملہ اللہ پر چھوڑ دیا ہے۔ ایک تازہ انٹرویو میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ وہ شادی یا تنہائی کے متعلق سوچ کر اپنا وقت ضائع نہیں کرتیں کیوں کہ یہ تب ہی ہوگا جب قسمت میں لکھا ہوگا، انہوں نے کہا کہ وہ شادی کے بغیر بھی مطمئن ہیں اور اللہ اس کے متعلق بہتر جانتے ہیں وہ وقت سے پہلے کچھ حاصل نہیں کرسکتیں۔ زینب قیوم کا مزید کہنا تھا کہ جب انسان کی عمر بڑھتی ہے تو وہ زیادہ پرائیویٹ ہوتا جاتا ہے۔

شوٹنگ کے دوران ساتھی فنکار سے حقیقی محبت ہوگئی تھی

بہت کم لڑکیاں ایسی ہوتی ہیں جو خوبصورت ہونے کے ساتھ ذہین بھی ہوں،، نوال سعید

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو ابھرتی ہوئی اداکارہ نوال سعید نے اعتراف کیا ہے کہ انہیں ایک بار ڈرامے کی شوٹنگ کے دوران ساتھی فنکار سے حقیقی محبت ہوگئی تھی لیکن پھر اپنے دل کو سنبھال لیا۔ حال ہی میں اداکارہ نے نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں شرکت کی جہاں انہوں نے میزبان کے دلچسپ سوالوں کے جواب دیئے۔ انہوں نے دوران انٹرویو رومانوی ڈراموں کی شوٹنگ کے دوران ساتھی فنکار سے ہونے والی محبت کا بھی اعتراف کیا اور کہا کہ جب ہم کسی کے ساتھ دن بھر رہتے ہیں تو ایک دوسرے کے لیے احساسات پیدا ہو ہی جاتے ہیں۔

او ٹی ٹی پر اسٹار کلچر کا نئے آنے والوں کیلئے خالی جگہ پر قبضے کا خوف ہے، پوجا بھٹ

او ٹی ٹی پلیٹ فارمز کی آمد کے ساتھ، مختلف عمر کے اداکاروں کے لیے زیادہ کردار ہیں



ممبئی (این این آئی) نامور بھارتی پروڈیوسر اور اداکارہ پوجا بھٹ نے کہا ہے کہ او ٹی ٹی پلیٹ فارمز والے اب دوبارہ بڑے ناموں کو پروجیکٹس میں کاسٹ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، خطرہ ہے کہ اسٹار کلچر نئے آنے والوں کیلئے اس خلا پر قبضہ کر لے گا۔ واضح رہے کہ اپنے اداکاری کے کیریئر کو 21 سال قبل خیرباد کہنے والی اداکارہ ایک مرتبہ پر اسکرین پر جلوہ گر ہونے کیلئے تیار ہیں، اس مرتبہ وہ او ٹی ٹی پلیٹ فارمز سے مداحوں کے سامنے آئیں گی۔ پوجا کہتی ہیں کہ او ٹی ٹی پلیٹ فارمز نے ایک متنوع کینوس کھول دیا لیکن خوف ہے کہ اسٹار کلچر نئے آنے والوں کیلئے اس خلا پر قبضہ کر لے گا۔

بچے کو گھر پر چھوڑ کر نیند کرنے شوہر کے ساتھ بیرون ملک جاتی ہوں، صرحا اصغر

لاہور (سی ایم لنکس) اداکارہ و ماڈل صرحا اصغر نے انکشاف کیا ہے کہ وہ اور ان کے شوہر نیند مکمل کرنے کے لیے بچے کو گھر پر والدہ کے ہاں چھوڑ کر بیرون ملک چلے جاتے ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے ایک ٹی وی شو میں شرکت کی جس دوران اداکارہ نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ اگر انہیں کسی اداکار کے ساتھ پوری زندگی کام کرنا پڑے تو وہ فواد خان کے ساتھ ساری عمر کام کریں گی۔ ایک سوال کے جواب میں صرحا اصغر نے انکشاف کیا کہ بچے کی پیدائش کے بعد ان کی نیند مکمل نہیں ہوتی، اس لیے وہ اور ان کے شوہر ہر تین ماہ بعد بچے کو والدہ کے پاس چھوڑ کر بیرون ملک نیند کرنے جاتے ہیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ کچھ عرصہ قبل ہی وہ بچے کو والدہ کے پاس چھوڑ کر ترکیہ چلے گئے تھے اور وہ وہاں پورا وقت سوتے رہے۔ صرحا اصغر کا کہنا تھا کہ نیند مکمل کرنے کے لیے وہ چاہتے ہیں کہ ان کا بچہ ان کے آس پاس نہ ہو۔

سنجے دت نے سیاسی میدان میں آنے کی تمام خبروں کو مسترد کردیا

اگر مستقبل میں سیاست میں قدم رکھنے کا فیصلہ کیا تو میں اس کا اعلان خود کروں گا، سنجے دت

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ انڈسٹری میں یہ خبریں گرم ہیں کہ ایکشن اسٹار سنجے دت سیاست کے میدان میں قدم رکھنے والے ہیں۔ بھارتی میڈیا کی مختلف سائٹس کی طرف سے دعویٰ سامنے آیا ہے کہ سنجے دت لوک سبھا کا الیکشن لڑنے والے ہیں اور کانگریس انہیں بی جے پی کے مقابلے میں الیکشن لڑانے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ ...

800 کروڑ کے پٹودی محل کی تفصیلات سامنے آ گئیں

انتہائی تحفظ محل میں 150 سے زائد کمرے ہیں، یہ محل 10 ایکڑ پر محیط ہے

پریانکا چوپڑا کو کزن پرینیتی چوپڑا کی فلم 'چمکیلا' بھا گئی

پریانکا چوپڑا نے اپنی کزن پرینیتی کی شاندار اداکاری کی تعریف کی ہے اور انہیں سراہا ہے

SPORTS سپورٹس

راولپنڈی: نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں پریکٹس کر رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

بنگلہ دیش نے مشتاق احمد کو ٹیم کا اسپن باؤلنگ کوچ مقرر کر دیا

زمبابوے کے خلاف ٹی 20 سیریز کیلئے تیاری کے کیمپ سے قبل ٹیم میں شامل ہوں گے



لاہور (این این آئی) بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) نے پاکستان کے سابق لیگ اسپنر اور ورلڈ کپ کے فاتح مشتاق احمد کو آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ 2024 سے قبل ٹیم کا اسپن باؤلنگ کوچ مقرر کر دیا۔ بی سی بی نے بیان میں کہا کہ مشتاق احمد رواں ماہ کے آخر میں زمبابوے کے خلاف ٹی 20 سیریز کیلئے تیاری کے کیمپ سے قبل ٹیم میں شامل ہوں گے اور ویسٹ انڈیز اور امریکا میں ہونے والے آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ 2024 کے اختتام تک بنگلہ دیشی ٹیم کے ساتھ کام کریں گے۔ مشتاق احمد نے کہا کہ بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کا بطور اسپن باؤلنگ کوچ حصہ بننا۔ ان کے لیے بڑے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں

بھارت کو ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے دوران امریکا میں سہولتوں کی فکر ستانے لگی

بھارتی بورڈ نے ہوٹل اور دیگر سہولتوں کا جائزہ لینے کے لیے ریکی ٹیم نیویارک بھجوادی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ کو انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے دوران امریکا میں سہولتوں کی فکر ستانے لگی اس حوالے سے بھارتی میڈیا نے بتایا کہ بھارتی بورڈ نے ہوٹل اور دیگر سہولتوں کا جائزہ لینے کے لیے ریکی ٹیم نیو یارک بھجوا دی ہے۔ بھارتی میڈیا نے کہا کہ آئی سی سی ایونٹ کے امریکا میں پہلی مرتبہ میچز ہو رہے ہیں، امریکا میں سہولتوں کا اس وقت کسی کو اندازہ نہیں اس لیے ریکی ٹیم بھیجی گئی ہے۔ بھارتی بورڈ کا ایک آفیشل ہوٹل اور دیگر انتظامات کا جائزہ لے گا، آئی پی ایل کے لیگ میچز کے اختتام کے ساتھ ہی بھارتی کھلاڑی امریکا روانہ ہوں گے۔ ناک آؤٹ مرحلے میں پہنچنے والی ٹیموں کے کھلاڑی بعد میں امریکا جائیں گے، بھارتی ٹیم 5 جون کو آئرلینڈ کے خلاف پہلا میچ نیویارک میں کھیلے گی۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ 9 جون کو نیویارک میں شیڈول ہے۔ بھارتی بورڈ ماضی میں اپنی ٹیم کے لیے دیگر ٹیموں سے الگ ہوٹلوں میں رہائش کا انتظام کرتا رہا ہے۔

پاکستان سپورٹس بورڈ میں کی گئی حالیہ تعیناتیوں کا نوٹیفکیشن معطل

ہائی کورٹ نے حکم امتناع جاری کر دیا، فریقین آئندہ سماعت پر طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پاکستان سپورٹس بورڈ میں کی گئی حالیہ تعیناتیوں کا نوٹیفکیشن معطل کرتے ہوئے حکم امتناع جاری کر دیا جبکہ عدالت نے آئندہ سماعت تک فریقین سے جواب طلب کر لیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے پاکستان سپورٹس بورڈ کے افسر سرفراز رسول کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے پاکستان سپورٹس بورڈ میں کی گئیں تعیناتیوں پر حکم امتناع جاری کر دیا۔ عدالت نے ڈائریکٹر فنانس اور اسسٹنٹ انجینئر کی سپورٹس بورڈ میں تعیناتی پر حکم امتناع جاری کرنے کے احکامات جاری کیے۔ عدالت نے درخواست گزار سرفراز رسول کی سپورٹس بورڈ سے وزارت بین الصوبائی رابطہ میں تعیناتی بھی روک دی۔ عدالت نے حالیہ تعیناتیوں کا سپورٹس بورڈ کا چار اپریل کا نوٹیفکیشن معطل کرتے ہوئے فریقین سے 26 جون تک جواب طلب کر لیا۔ کیس کی مزید سماعت 26 جون کو ہوگی

بیڈمنٹن کا سمر کیمپ 15 جون سے شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی کے زیراہتمام ... سمر کیمپ 15 جون سے ... راولپنڈی میں شروع ہوگا۔ ...

INVITATION FOR PREQUALIFICATION
FOR
OUTSOURCING OF SOLID WASTE MANAGEMENT SERVICES (ALONG WITH AVAILABLE RESOURCES) FOR TALAGANG DISTRICT.

For a Period of 03 Years, Extendable to Another 03 years

The Rawalpindi Waste Management Company (RWMC) intends to invite applications from eligible (as per the criteria laid down in Pre-Qualification document) and experienced individuals/Firms/Companies/Joint Ventures for Pre-qualification of "Establishment of Integrated Solid Waste Management System, which includes but not limited to waste collection, Transportation and disposal" as subjected above.

Pre-Qualification Document (PQD) is being made immediately available on and after advertisement publication date. Interested firms/companies/individual may view and download the PQD from the RWMC website (www.rwmc.org.pk) & PPRA website or may acquire it from RWMC office from the address as given below on payment of Rs. 10,000/- (non-refundable) which should be deposited in the BOP Branch in RWMC bank account Titled Rawalpindi Waste Management Company", A/c # 6020057067800042. PQD downloaded shall accompany the deposit receipt of aforementioned amount along with the PQD document at the time of their submission. Bidding will comprise of following tehsils.

S.No	Description
01	Talagang Tehsil (Rural & Urban Area)
02	Lawa Tehsil (Rural & Urban Area)

A pre bid meeting prior to PQD submission closing date shall be held on 25th April, 2024 at 1100 hours in the office of RWMC at the given address mention below.

Applications for Pre-Qualification in original (signed and stamped) must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address given below up to 9th May, 2024 at 1130 hours and be clearly marked the subject as mentioned above. Applications will be opened on the same day at 1200 hours in the presence of the Committee and prospective applicants or their representatives who choose to be present in the committee room of RWMC.

Senior Manager (P &C)
81-A-1 Iran Road Satellite Town, Rawalpindi
Ph: 092-51-9291116-8
Email: proc.rwmc@gmail.com

IPL-3266

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 18 اپریل 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 18 اپریل 2024، صبح 08:00 بجے تا دن 13:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، سوہدرن روڈ، غوری گارڈن، کھنہ ایسٹ، شریف آباد، برما، کھنہ ڈاک، وحید آباد فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، کھنہ۔ II، النور، آفندی کالونی، ئیسٹ روڈ، لکھوروڈ، ریڈیو پاک، مصریال روڈ، جاپان روڈ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، میجر ریاض، لالہ زار، جھاورہ، دھمیال۔ I، گلشن سعید، لالکڑتی، کینٹ، یو سی لکھن، شاہ جیون، قائد اعظم کالونی، قاسم بیس، مورگاہ، فوجی فونڈیشن، موہرہ نگیال، محبوب شہید، اے او ڈبلیو ایچ ایس، ولایت کمپلکس، ایکس لائر کالونی، پنڈی بورڈ، پارک ویو، اسلام آباد فیڈ مل، جھٹہ ہتھیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب۔ I&II، ریلائنس ویونگ مل، انڈسٹریل، بھل، جرار کیمپ، نیو کلیام، اولڈ رواٹ، نیو رواٹ، سی ڈبلیو او، سپارکو، آئی ایس ٹی فیڈرز، چکوال سرکل، بشارت فیڈر، جہلم سرکل، پران فیڈر، صبح 08:00 بجے تا شام 05:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، نمبل، رتہ پانی، سہنسہ، سٹی۔ II، فتح پور، چروہی، سٹی۔ I، نڑ، کھوئی رتہ فیڈرز I اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 50

ادھر ہی موجود تھا نعش کے سامنے آنے پر ہی وہاں سے کھسک گیا جس کا اوراک تفتیشی آفیسر نوید اسلم کو فوراہی ہوگیا جسکی گرفتاری کے لیے فورا فورس روانہ کردی گئی، جس کو آدھے گھنٹے کے اندر تلاش کر کے گرفتار کرلیا گیا مذکورہ آصف الطاف نشہ ہیروئین و

احکامات جاری کردیئے گئے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سالٹ رنج ریجن زاہد علی کا کہنا تھا کہ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ جنگل میں جانور چرانے پر بھی قانون سازی ہو سکے تاکہ جانور چرانے والوں کے ہاتھوں اڑیال کی نسل کو پہنچنے والے اس نقصان کو بچایا جاسکے

بقیہ 45

بقیہ 1

روپے سے زائد جرمانہ کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین اور وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری نے ڈی جی پی آر ہیڈکوارٹرز میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب میں کیا۔ اس موقع پر صحافیوں کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے وزیر خوراک کا کہنا تھا کہ پنجاب میں 80 فیصد مقامات پر روٹی اور نان نئی قیمت پر دستیاب ہیں جسکے لیے انتظامیہ دن رات محنت کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ روٹی اور نان کی قیمتوں میں کمی کرنے سے پہلے محکمہ انڈسٹری، ایگریکلچر اور فوڈ نے تمام اعداد وشمار کو اچھی طرح ورکنگ کی اور پھر نئے ریٹ نوٹیفائی کیے گئے۔ وزیر خوراک نے مزید کہا کہ عوام کو ریلیف دینے کیلئے حکومت میں آئے ہیں اور وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق روٹی کی قیمت میں مزید کمی لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی خریداری مکمل میرٹ کی بنیاد پر ہوگی اور کسان کو ہر ممکن ریلیف دیں گے۔ وزیر خوراک نے کہا کہ گندم کی نوٹیفائیڈ قیمت 3900 روپے فی من ہے جس کیلئے نمی کا تناسب 10 فیصد تک رکھا گیا ہے۔ پنجاب بڑا بھائی ہونے کے ناطے ملک بھر کی گندم کی ضرورت پوری کررہا ہے۔ کسان کارڈ کی صورت میں کاشتکاروں کیلئے تاریخی پیکج لارہے ہیں جس سے زرعی مداخلت کی قیمت میں کمی آئے گی اور حتمی طور پر فصلات کی قیمت کم ہونے سے ہر شہری کو ریلیف ملے گا۔ صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ نقل کیلئے بھی عقل چاہیے جو کہ ہمارے مخالفین میں نہیں ہے اور حکومت پنجاب کے ہر احسن اقدام پر بھی بے جا تنقید کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام صوبے وزیر اعلیٰ پنجاب کو کاپی

گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ رمضان پیکج کے تحت یوٹیلیٹی اسٹورز پر فی کلو قیمت 335 روپے تھی اور فی کلو پر 70 روپے کی سبسڈی ہے۔

بقیہ 8

زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا، وزیر اعظم نے ابتدائی گفتگو میں کابینہ کو عید الفطر کی مبارکباد پیش کی اور رمضان المبارک کی برکتوں کے طفیل پاکستان کیلئے ترقی وخوشحالی کی دعا کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے مشکور ہیں کہ میرے حالیہ دورے کے بعد انکی خصوصی دلچسپی کے تحت سعودی وفد نے پاکستان کا دورہ کیا۔ وزیر اعظم نے وفاقی کابینہ اور متعلقہ حکام کی سعودی وفد کے کامیاب دورے کیلئے کاوشوں کی پزیرائی کرتے ہوئے کہا کہ سعودی وفد پاکستانی وزرا اور حکام کی تیاری سے متاثر ہوا اور سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان آلسعود نے اس کا برملا اظہار کیا، سعودی وفد کے دورے کے نتیجے میں پاکستان میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہمیں اسی طرح محنت اور لگن سے اس سرمایہ کاری کی پاکستان میں آمد اور منصوبوں کی تکمیل یقینی بنانا ہے، اس حوالے سے نہ تو پرانے طریقہ کار پر چلنے کی گنجائش ہے اور نہ میں اسکی اجازت دونگا۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ اپنی عوام سے کئے گئے عہد کے مطابق پاکستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے دن رات محنت کریں گے، مجھے پورا یقین ہے کہ اگر ہم اسی طرح محنت کرتے رہے تو پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور معاشی استحکام کے اہدف جلد حاصل کرلیں گے۔

بقیہ 9

لیے حکومت پاکستان چینی سرمایہ کاروں کو تمام تر

ہارٹ اٹیک کے مریض کو ٹیکہ نہ دینے کا معاملہ انکوائری رپورٹ جاری

ہسپتال انتظامیہ، ایمرجنسی ڈاکٹر، فارماسسٹ اور فارمیسی ٹیکنیشن کے خلاف پیڈا ایکٹ کے تحت کاروائی کرنے کے احکامات جاری

فارماسسٹ کا گمراہ کرنا ثابت 5 صفحات پر فیصلہ جاری نئی کمیٹی کو تمام ذمہ داران 3 دن میں جواب دیں PMO ڈاکٹر اطہر انکوائری افسر مقرر

گوجرخان (قمر شہزاد) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے نوٹس لینے اور وزیر صحت، سیکرٹری ہیلتھ کی ہدایات پر سی ای او راولپنڈی اور ٹیم نے ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان کے خلاف شہری کے درخواست پر کی گئی انکوائری رپورٹ جاری جس میں سیکرٹری ہیلتھ کے حکم نامہ میں ہیپرین انجیکشن موجود ہونے کے باوجود مریض کو نہ لگانے پر ہسپتال انتظامیہ قصوروار قرار، ذمہ داران کے خلاف کارروائی کا حکم دیتے ہوئے سات روز میں ذمہ داران کو دو رکنی بنائی جانے والی نئی انکوائری ٹیم کو جواب دینے کا موقع فراہم کر دیا جسکا نوٹیفکیشن جاری تفصیلات کے مطابق چند روز قبل ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان میں ایک ہارٹ اٹیک کے مریض کو ایمرجنسی وارڈ کی فارمیسی، ہسپتال انتظامیہ کی (بقیہ نمبر 30)

چیف الیکشن کمشنر کی قیادت میں وفد کا برازیل کا 3 روزہ دورہ

برازیل میں ٹریبونل سپیریئر الیکٹورل کے مختلف شعبوں کے سربراہان سے ملاقاتیں کیں

اسلام آباد (این ای این) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی قیادت میں الیکشن کمیشن کے وفد نے برازیل کا تین روزہ دورہ کیا۔ برازیل میں ٹریبونل سپیریئر الیکٹورل کے مختلف شعبوں کے سربراہان سے ملاقاتیں کیں۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق برازیل کے دورے کے دوران برزیلین حکام نے پاکستانی وفد کو اپنے ملک کے انتخابی نظام (بقیہ نمبر 32)



ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کھلی کچہری کے دوران مسائل اور شکایات درج کر رہے ہیں

ضمنی انتخابات: پرویز الٰہی کا پولنگ ایجنٹس کو ہراساں کرنے کیخلاف عدالت سے رجوع

لاہور (اے ایف پی) سینئر رہنما پاکستان تحریک انصاف و سابق وزیر اعلی پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے ضمنی انتخابات میں ووٹرز اور پولنگ ایجنٹس کو ہراساں کرنے کیخلاف لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا۔ چودھری پرویز الٰہی کی جانب سے دائر درخواست میں الیکشن کمیشن، گجرات پولیس اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں مقف اختیار کیا گیا ہے کہ درخواست گزار پی پی (بقیہ نمبر 31)

پی ٹی آئی رہنماؤں اور دیگر کے خلاف جوڈیشل کمپلیکس توڑ پھوڑ کیس کی سماعت

اسلام آباد (این ای این) انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد میں پی ٹی آئی رہنماؤں اور دیگر کے خلاف جوڈیشل کمپلیکس توڑ پھوڑ کیس کی سماعت ہوئی، انسداد دہشتگردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی، وزیر اعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور انسداد دہشتگردی عدالت (بقیہ نمبر 33)

شیخ رشید، پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف 9 مئی مقدمات، جج کی مزید سماعت سے معذرت

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت کے جج ملک اعجاز آصف نے سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید اور پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف 9 مئی کے مقدمات کی مزید سماعت سے معذرت کر لی۔ کیس کی سماعت کے موقع پر پی ٹی آئی رہنما شیریں مزاری، شبلی فراز، شہریار آفریدی، زرتاج گل، راجہ بشارت، زین قریشی ا (بقیہ نمبر 36)

بارشوں سے حادثات، جاں بحق افراد کی تعداد 32 ہوگئی

پی ڈی ایم اے نے تیز بارشوں کے باعث خیبر پختونخوا میں جانی و مالی نقصانات کی رپورٹ جاری کر دی

پشاور (اے ایف پی) خیبر پختونخوا میں حالیہ بارشوں کے باعث حادثات کے نتیجے میں اب تک 32 افراد جاں بحق اور 41 زخمی ہو چکے ہیں۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے تیز بارشوں کے باعث خیبر پختونخوا میں جانی و (بقیہ نمبر 34)

اسرائیلی طیاروں کی بمباری، بچوں سمیت مزید 18 فلسطینی شہید

اسرائیلی فوج نے مغازی کیمپ میں پلے گراونڈ میں کھیلتے بچوں پر حملہ کر دیا

غزہ (اے ایف پی) اسرائیلی طیاروں نے غزہ میں مغازی کیمپ اور رفح میں رہائشی علاقوں میں تباہی مچادی، شدید بمباری میں مزید 18 نہتے فلسطینی شہید کر دیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج نے مغازی کیمپ میں پلے گراونڈ میں کھیلتے بچوں پر حملہ کر دیا جبکہ اسرائیلی جیٹ نے رفح میں بھی گھر کو نشانہ بنایا جہاں 4 بچوں سمیت سات (بقیہ نمبر 35)

راولپنڈی: آر پی او چیف سرفراز الپا پاک نیوزی لینڈ پریکٹس سیشن کے حوالے سے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

تحصیل پنڈدادنخان اور ضلع جہلم کے سپورٹس ٹیلنٹ کو ٹرینڈ اور مربوط کر کے نیشنل لیول کے کھلاڑی تیار کیے جائینگے

اس سلسلے میں بہت جلد سپورٹس فاؤنڈیشن کا قیام عمل میں لا کر نامور کوچز کے ذریعے کھلاڑیوں کی ٹریننگ کا آغاز کیا جائے گا

سابق امیدوار صوبائی اسمبلی پی پی 26 چوہدری تیمور نواز جٹ کی باگڑی ہاوس تھری پرسٹی فٹبال کلب کے کھلاڑیوں سے گفتگو

پنڈدادنخان: (سرفراز عباس سے) تحصیل پنڈدادنخان کی ہر یونین کونسل میں نوجوانوں کی ایک بہت بڑی تعداد سپورٹس سے وابستہ انتہائی عمدہ اور بہترین پرفارمنس کے حامل ہے جب کہ بدقسمتی سے انہیں اپنے ٹیلنٹ کو استعمال کرنے کے مواقع میسر ہیں نہ ہی ان کی تربیت کے لیے مقامی طور پر کوئی اکیڈمیز یا سپورٹس کلب ہیں جبکہ عمومی طور پر یہاں پر کھیلی جانے والی گیموں میں بہت اچھے اور نیشنل (بقیہ نمبر 37)

پرائس کنٹرول کا کام تیزی سے جاری رکھا جائے

تا کہ عوام کو خود ساختہ مہنگائی سے بچایا جا سکے، ڈپٹی کمشنر جہلم

جہلم (این این آئی) عید الفطر کے بعد بھی پرائس کنٹرول کا کام تیزی سے جاری رکھا جائے تا کہ عوام کو خود ساختہ مہنگائی سے بچایا جا سکے یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم کیپٹن رسمیع اللہ فاروق نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں گزشتہ ماہ رمضان کے دوران پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی پر ڈی سی جہلم (بقیہ نمبر 38)

اپنی کارکردگی سے مطمئن کروڑوں کے ترقیاتی کام کرائے، مرزا خالد محمود

چکلالہ کینٹ میں پانی کے مسئلے کا ادراک ہے، یہ مسئلہ بھی جلد حل کر لیں گے

راولپنڈی (این این آئی) چکلالہ کینٹ بورڈ کے وائس پریزیڈنٹ مرزا خالد محمود نے کہا ہے کہ بطور وائس پریزیڈنٹ اپنی کارکردگی سے مطمئن ہوں، کروڑوں کے ترقیاتی کام کرائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کینٹ کے تمام کونسلرز کیساتھ رابطے میں رہتا ہوں، ان کو بھی ترقیاتی فنڈز جاری کرائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم تنقید سے کبھی نہیں گھبرائے، ہمیشہ عوام کی خدمت کی اور مستقبل میں بھی عوامی خدمت کا سلسلہ جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ کینٹ بورڈ کے تمام کونسلرز گواہی دینگے کہ پارٹی وابستگی سے بالاتر ہو کر تمام کونسلرز کو ترقیاتی (بقیہ نمبر 39)

ایس ایچ او جلالپور شریف اور ٹیم کی اہم کاروائی

خاتون کے ساتھ زبردستی زیادتی کرنے کے مقدمہ میں ملوث ملزم گرفتار

جہلم (این این آئی) جلالپور شریف پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم وسیم عباس کو گرفتار کر لیا، ملزم گھر والوں کی عدم موجودگی میں میرے گھر داخل ہوا، زبردستی زیادتی کی، مدعیہ مقدمہ۔ ملزم کے خلاف شہادتیں اکٹھی کی جارہی ہیں، ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، حکومت پنجاب کے ویژن اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی ہدایات کی روشنی (بقیہ نمبر 42)

12 سالہ بچی سے زیادتی کرنے والا سوتیلا باپ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے، 12 سالہ بچی سے زیادتی کرنے والا سوتیلا باپ گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس کو متاثرہ بچی کے والدہ نے درخواست دی کہ میرے خاوند خلیل نے میری بیٹی کو زیادتی کا نشانہ بنایا، روات پولیس نے متاثرہ بچی کی والدہ کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کر کے ملزم خلیل کو گرفتار کر لیا، متاثرہ بچی کا میڈیکل پراسیس کروایا گیا ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا (بقیہ نمبر 40)

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی، 07 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی، 07 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے ملزم ہمایوں اور محمد علی سے 23 لیٹر شراب، واہ کینٹ پولیس نے ملزم عمران سے 40 لیٹر الکوحل اور 03 بوتل شراب، کہوٹہ پولیس نے ملزم لطیف سے 10 لیٹر شراب، کہوٹہ پولیس نے ملزم عامر (بقیہ نمبر 41)

وائس چانسلر ڈاکٹر خالد محمود اور روسی سفیر البرٹ پی خوریو پنجاب یونیورسٹی میں روسی زبان کی تدریس و ترویج کے لئے تزئین نو شدہ کلاس رومز کا افتتاح کر رہے ہیں

چھت گرنے اور کرنٹ لگنے سے باپ بیٹے سمیت 3 افراد جاں بحق

چھت کے ملبے تلے دب کر باپ بیٹا موقع پر دم توڑ گئے، ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں

وزیر آباد (آئی آئی پی) وزیر آباد اور مرید کے میں چھت گرنے اور کرنٹ لگنے سے باپ بیٹے سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیر آباد کے نواحی علاقہ گکھڑ منڈی میں بارش کے باعث گھر کی خستہ حال چھت اچانک گر گئی، چھت کے ملبے تلے دب کر باپ بیٹا موقع پر دم توڑ گئے، واقعے کے بعد ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ (بقیہ نمبر 43)

ڈپٹی ڈائریکٹر وائلڈ لائف سالٹ رینج کی کارروائی

جنگل سے چوری کیے گئے اڑیال کے دو بچے برآمد کر لیے گئے

چکوال (خاور شہزاد سے) ڈپٹی ڈائریکٹر وائلڈ لائف سالٹ رینج ریجن کی وسیع پیمانے پر کامیاب کارکردگی جا اڑیال کے بچوں کا سیزن آتے ہی جنگل سے چوری کیے گئے اڑیال کے دو بچے برآمد کر لیے گئے *خبردار، بریڈنگ فارم کی جعلی رسیدوں کے فراڈ سے بچیے ڈپٹی ڈائریکٹر وائلڈ لائف سالٹ رینج ریجن زاہد علی کی سربراہی میں سالٹ رینج کے (بقیہ نمبر 44)

مظفر آباد: چیئرمین ٹیوٹا آزاد جموں و کشمیر چوہدری محمد فرید کی موجودگی میں اسلامک ریلیف پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر ٹیوٹا کے درمیان شراکت داری کی شرائط پر دستخط کیے جا رہے ہیں

ڈگری، خوفناک ٹریفک حادثہ ایک نوجوان جاں بحق

ڈگری کے قریب امب موری اسٹاپ پر موٹر سائیکل اور سوزوکی میں تصادم ہوا

جاں بحق نوجوان کی نعش ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ڈگری کے قریب خوفناک ٹریفک حادثہ ایک نوجوان جاں بحق تین شدید زخمی تفصیلات کے مطابق ڈگری کے قریب امب موری اسٹاپ پر موٹر سائیکل اور سوزوکی میں تصادم ہوگیا جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار وقار علی ولد حاکم علی کلوئی موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا جبکہ اس کے ساتھ موٹر سائیکل پر موجود صدام ولد قیصر کلوئی، سوزوکی کا ڈرائیور موہن ولد عیسر و کوکھی سمیت قریب سے گزرنے والا راہگیر جو حادثے کی زد میں آگیا قادر بخش ولد سعید کلوئی شدید زخمی ہو گئے زخمیوں کو فوری طور ڈگری اسپتال پہنچایا گیا جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی گئی راہگیر قادر بخش کو تشویش ناک حالت میں (بقیہ نمبر 45)

تھانہ شالیمار اور تھانہ ترنول پولیس ٹیموں کی کارروائی

راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب دو منظم گروہوں کے تین ارکان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ شالیمار اور تھانہ ترنول پولیس ٹیموں نے موٹر سائیکل چوری اور راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب دو منظم گروہوں کے تین ارکان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے دو مسروقہ موٹر سائیکل، وارداتوں میں استعمال ہونیوالا اسلحہ معہ ایمونیشن اور موٹر سائیکل برآمد کر لیا گیا، ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں موٹر (بقیہ نمبر 46)

سیکرٹری زکوۃ وعشر میاں ابرار احمد پنجاب زکوۃ وعشر کونسل کے 30 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کاروائیاں جاری

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے مال مسروقہ، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کاروائیاں جاری ہیں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سات جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر لیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے مال مسروقہ، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، تھا (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی: سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد عدالت میں پیشی کے بعد سے گفتگو کر رہے ہیں

24 ہیڈ کانسٹیبلان کو اے ایس آئی کے عہدہ پر ترقی کے احکامات جاری

خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر شہریوں کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنائیں

راولپنڈی (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا نے 43 اے ایس آئیز کو سب انسپکٹر کے عہدہ پر اور 24 ہیڈ کانسٹیبلان کو اے ایس آئی کے عہدہ پر ترقی کے احکامات جاری کر دیئے۔ اہلکاروں کے ترقی کے لیے آر پی او راولپنڈی ریجن کی سربراہی میں چاروں اضلاع کے ضلعی پولیس افسران پر مشتمل خصوصی بورڈ تشکیل دیا گیا تھا جنکی سفارشات اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے بعد اہلکاروں کے بہترین (بقیہ نمبر 48)

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کی رات گئے ڈیوٹی پڑتال

ایف سی اور اسلام آباد پولیس کے ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں سے ملاقات کی

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کی رات گئے ڈیوٹی پڑتال کی، ایف سی اور اسلام آباد پولیس کے ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں سے ملاقات کی، مستعدی سے ڈیوٹی سرانجام دینے والے افسران و جوانوں کو تعریفی اسناد اور انعامات دینے کا اعلان کیا، اسلام آباد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے (بقیہ نمبر 49)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاوس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

کمسن عائشہ کا قاتل گرفتار ملزم کا اعتراف جرم، پرانی دشمنی کی وجہ سے قتل کیا

عوامی ایم پی اے پولیس حکام نے واقعے کا سختی سے نوٹس لیا ملزم کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا ڈی ایس پی گوجرخان

سب انسپکٹر نوید اسلم کی بروقت کاروائی شاطر جرائم پیشہ شخص کو انتہائی قلیل وقت میں گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ گوجرخان کے نواحی علاقے ڈلی ڈھوک اکبر سے غائب ہونے والی مقتولہ بچی کی نعش گاؤں کے مقامی رہائشی کے گھر کے کنویں سے برامد پر علاقے فضا انتہائی سوگوار ہو گئی تھی مقتولہ کے پاؤں باندھ کر قاتل نے کنویں میں ڈبو کر اوپر سے ڈول بھی پھینک دیا جو بھر جانے کے بعد پانی میں نعش کے اوپر پڑا ملا۔ نعش ملنے کے دس منٹ پہلے آصف نامی شخص جو کہ نعش کی دریافت تک (بقیہ نمبر 50)

رکن قومی اسمبلی انجم عقیل خان اور رکن قومی اسمبلی راجہ خرم نواز نے ممبر فنانس سی ڈی اے سے ملاقات کی

پی سی بی نے پنجاب حکومت سے بلٹ پروف گاڑیاں مانگ لیں

اسلام آباد (این ای این) پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان کرکٹ سیریز، پی سی بی نے پنجاب حکومت سے دو بلٹ پروف گاڑیاں مانگ لیں۔ پی سی بی نے نیوزی لینڈ سیریز کیلئے دو بلٹ پروف گاڑیاں مانگ لی ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے اس حوالے سے درخواست پنجاب حکومت کو موصول ہوگئی ہے۔ محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی نے دو بلٹ پروف گاڑیاں دینے کیلئے فائل (بقیہ نمبر 51)

متحدہ نانبائی ایسوسی ایشن کا روٹی کی قیمت کم کرنے سے انکار

پنجاب حکومت جو چاہے کر لے 16 روپے کی روٹی نہیں بیچیں گے

لاہور (آئی آئی پی) متحدہ نانبائی ایسوسی ایشن نے روٹی کی قیمت کم کرنے سے انکار کر دیا۔ نانبائی ایسوسی ایشن نے سرکاری احکامات مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب حکومت جو چاہے کر لے 16 روپے کی روٹی نہیں بیچیں گے۔ ایسوسی ایشن نے (بقیہ نمبر 52)

ڈی پی او فیصل شہزاد کی زیر صدارت آن لائن کرائم میٹنگ کا انعقاد

جھوٹی ایف آئی کا اندراج کروانے والوں کے خلاف سخت کاروائی بھی کی جائے

ساہیوال (آئی آئی پی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال فیصل شہزاد کی زیر صدارت ڈی پی او آفس میں آن لائن کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی، میٹنگ میں اہم اور سنگین جرائم کے زیر تفتیش (بقیہ نمبر 53)

راولپنڈی، منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی، تین ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تین ملزمان گرفتار کر لئے، 02 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزم خیال محمد سے 01 کلو 400 گرام چرس، مورگاہ پولیس نے ملزم جمیل خان سے 520 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم اعجاز سے 10 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

اوور بلنگ میں ملوث عملے کیخلاف بلاامتیاز کاروائی کا حکم

اوور بلنگ عوام سے ظلم کے مترادف ہے، ملوث عملہ کسی رعایت کا مستحق نہیں، اوور بلنگ کے معاملے پر عوام کو فوراً ریلیف دیا جائے، محسن نقوی

اسلام آباد: آزاد جموں و کشمیر کے صدر سلطان محمود چوہدری سپیکر قانون ساز اسمبلی آزاد جموں و کشمیر چوہدری لطیف اکبر کی بہن کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) اوور بلنگ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملک بھر میں اوور بلنگ پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنانے کا حکم دیدیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اوور بلنگ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، پاکستان بھر میں اوور بلنگ میں ملوث عملے کیخلاف بلا امتیاز ایکشن کا حکم دیا ہے، ملک بھر میں بجلی چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کا بھی حکم دیا اور ایف آئی اے کے افسروں کو اوور بلنگ اور بجلی چوروں کے خلاف 100 فیصد کارکردگی دکھانے کی ہدایت کر دی۔ محسن نقوی نے کہا کہ اوور بلنگ عوام سے ظلم کے مترادف ہے، ملوث عملہ کسی (بقیہ نمبر 54)

الخدمت فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں جاری

متاثرہ افراد کو ریسکیو کے بعد محفوظ مقامات پر پہنچا دیا، اعجاز اللہ خان

راولپنڈی (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے شعبہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ افراد کو ریسکیو کے بعد محفوظ مقامات پر پہنچانے کا سلسلہ جاری ہے، متاثرین کو تیار کھانا، صاف پانی، بستر، خیمے، ترپال اور مچھر دانیاں فراہم کی گئیں، جبکہ ایمبولینس، میڈیکل ہیلتھ یونٹ اور رضا کاروں کی بڑی تعداد متاثرین کو ریسکیو کے بعد ریلیف فراہم کر رہی ہے۔ چیئرمین ڈیزاسٹر مینجمنٹ و مرکزی نائب صدر الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان اعجاز اللہ خان کی زیر (بقیہ نمبر 55)

کلہاڑیوں کے وار کر کے شہری کو قتل کرنے والا دوسرا ملزم بھی گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) مندرہ پولیس کی کاروائی، کلہاڑیوں کے وار کر کے شہری کو قتل کرنے والا دوسرا ملزم بھی گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق مندرہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے کلہاڑیوں کے وار کر کے شہری کو قتل کرنے والے دوسرے ملزم محمد سفیر کو گرفتار کر لیا، ملزم محمد سفیر نے اپنے ساتھی ناہید عباس کے ساتھ ملکر ذاتی رنجش پر کلہاڑیوں کے وار کر کے عدیل کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے والد کی مدعیت میں تھانہ مندرہ میں درج کیا گیا تھا۔

پولیس کا ڈھوک سیداں اور گردونواح میں سرچ آپریشن

سرچ آپریشن میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ کی گئی

راولپنڈی (این این آئی) ریس کورس پولیس کا ڈھوک سیداں اور گردونواح میں سرچ آپریشن، سرچ آپریشن میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے ڈھوک سیداں اور گردونواح میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں مقامی پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والوں اداروں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن میں 19 گھروں، 06 کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف چیک کیے گئے۔

کینٹ پولیس کی کارروائی، دو رکنی بائیک لفٹر گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کینٹ پولیس کی ایک کارروائی میں 02 رکنی بائیک لفٹر گینگ گرفتار، چوری شدہ 03 موٹر سائیکل اور نقدی 08 ہزار روپے برآمد۔ تفصیلات کے مطابق 02 رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کر لیا، چوری شدہ 03 موٹر سائیکل اور نقدی 08 ہزار روپے برآمد ہوئے، ملزمان کی شناخت بصیر خان اور عبدالرسول کے نام سے ہوئی، گرفتار ملزمان موٹر سائیکل چوری کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں، ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز کا کہنا تھا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ (بقیہ نمبر 56)

نارووال: ریجنل پولیس آفیسر گوجرانولہ طیب حفیظ چیمہ گوردوارہ دربار صاحب کرتارپور میں سکھ یاتریوں سے گفتگو کر رہے ہیں

اے سی میاں مراد کا جاری پروجیکٹس کے متعلق صحافیوں کو بریفنگ

پانی کی کمی کو پورا کرنے کے لیے 3 ٹینکیاں بنائی جارہی ہیں شہر میں سیوریج سمیت دیگر منصوبے بھی تکمیل کے مراحل میں ہیں

حکومتی وسائل اور کمیونٹی کے تعاون سے تعمیر و ترقی کے منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے گوجرخان کو مثالی شہر بنانے کا ارادہ ہے

گوجرخان (قمر شہزاد) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ نے اے سی آفس میں ایک میٹنگ کا انعقاد کیا جس میں شہر کو خوبصورت بنانے سمیت دیگر مکمل ہونے والے پروجیکٹس کے متعلق انھوں نے پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے صحافیوں کو بریفنگ دی اس موقع پر ایم او آئی سید صدف عباس کاظمی بھی انکے ہمراہ موجود تھے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ جی ٹی روڈ پر لگی لائٹس کی وائرنگ مکمل طور پر چینج کر دی گئی ہے چونکہ جگہ جگہ سے تاریں ٹوٹی ہونے کے باعث پولز ارتھ ہونے کی شکایات (بقیہ نمبر 57)

مجرمان کو مجموعی طور پر 23 سال قید اور 05 لاکھ روپے

معزز عدالتوں نے منشیات کے مقدمات میں دو مجرمان کو سزائیں سنا دیں

راولپنڈی (این این آئی) معزز عدالتوں نے منشیات کے مقدمات میں 02 مجرمان کو سزائیں سنا دیں، مجرمان کو مجموعی طور پر 23 سال قید اور 05 لاکھ روپے جرمانے کی سزائیں سنائی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت کے جج نے منشیات کے مقدمہ میں مجرم مراد خان کو 14 سال قید اور 04 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی، مجرم مراد خان کو گزشتہ سال رتہ امرال پولیس نے 4400 گرام چرس برآمد ہونے پر گرفتار کیا تھا، معزز عدالت کے جج نے منشیات کے مقدمہ میں مجرم طیب عباس کو 09 سال قید اور 01 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی، مجرم طیب عباس کو گزشتہ سال صدر بیرونی پولیس نے 1500 گرام چرس برآمد ہونے پر گرفتار کیا تھا، راولپنڈی پولیس نے مجرمان کو گرفتار کر کے ٹھوس شواہد کے ساتھ (بقیہ نمبر 58)